ایم کیوایم کے رہنماء ڈاکٹر فاروق ستار کا ٹیلی فون پر آصف زرداری سے بے نظیر بھٹو کی شہادت پر اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔30دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے شوہر آصف علی زرداری سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی المناک شہادت پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت کی ۔اتوار کی صبح ڈاکٹر فاروق ستار نے آصف زرداری سے ٹیلی فون پر تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ محترمہ کی المناک شہادت یقیناً قومی سانحہ ہے جس نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ محترمہ بلاشبہ قومی لیڈر اور بہادر خاتون تھیں جنہوں نے اپنی سیاسی زندگی میں ان گنت نشیب وفراز کا سامنا کیا ہے اوران کی شہادت سے پاکستان ایک قومی رہنماء سے محروم ہوگیا ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے آصف علی زرداری سے دلی تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں متحدہ قومی موومنٹ کے تمام کارکنان آپ ،آپ کے بچوں دیگر اہل خانہ ،سوگوارلواحقین ،پیپلز پارٹی کے رہنماؤں ،کارکنوں اور ہمدردوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ڈاکٹر فاروق ستار نے محترمہ کے بلند درجات اور سوگوارلواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی ۔

مبین شیخ کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔30دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآباد کی زونل کمیٹی کے رکن مبین شیخ کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

ایم کیوایم ضلع اٹک اور ساہیوال میں بے نظیر بھٹو کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی

اجتماعات میں ایم کیوایم ،پیپلز پارٹی ،مسلم لیگ (نواز) کے عہدیداروں ،کارکنوں اور نامزد امیدواروں نے شرکت کی

اٹک ۔۔۔30دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت پر تین روزہ سوگ کے سلسلے میں پنجاب کے مختلف اضلاع میں بے نظیر بھٹو شہید کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی جس میں مختلف سیاسی وسماجی شخصیات ،ایم کیوایم کے عہدیداران وکارکنان نے شرکت کی ۔محترمہ کے سوئم کے سلسلے میں ایم کیوایم ضلع اٹک کے دفتر میں قرآن خوانی کا اجتماع ہوا جس میں ایم کیوایم ضلع اٹک کے انچارج سردار طاہر احسان ،دیگر ذمہ داران اور کارکنان کے علاوہ قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے نامزد امیدوار سید منیر الحق گیلانی ،پیپلز پارٹی ضلع اٹک کے صدر سید امیر حسین شاہ ،پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے قومی وصوبائی اسمبلی کے امیدواران سید عصمت بخاری ،ملک شاہان حاکمین ،مسلم لیگ نواز گروپ کے سابق وفاقی وزیر شیخ آفتاب ،مسلم لیگ نواز ضلع اٹک کے جنرل سیکریٹری صمدانی شیخ اور ضلع اٹک کی بار ایسوسی ایشن کے صدر رانا افسر علی ایڈوکیٹ نے شرکت کی ۔دریں اثناء ایم کیوایم ضلع ساہیوال کے زیر اہتمام بھی محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی ۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی میں پیپلز پارٹی کے مقامی رہنماؤں اور کارکنوں کے علاوہ ایم کیوایم ساہیوال کی ضلعی کمیٹی کے ارکان ،مقامی ذمہ داران ،کارکنان اور ایم کیوایم کے ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

رابطہ کمیٹی کے رکن بابر خان غوری کا ناظم آباد اور نارتھ ناظم آباد میں متاثرہ دکانوں اور گھروں کا ہنگامی دورۂ

کراچی۔۔۔30دسمبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی رکن اورحق پرست سینیٹر بابر خان غوری نے بینظیر بھٹو کی شہادت کے تین روزہ سوگ کے دوران مسلح شرپسند عناصر کی جانب سے ناظم آباد اور نارتھ ناظم آباد میں متاثرہ دکانوں، کارخانوں اور پیٹرول پمپز کا ہنگامی دورۂ کیااور موقع پر موجود متاثرین سے نقصانات کی تفصیل معلوم کیں۔انہوں نے سندھ بالخصوص شہر بھر میں جلاؤ گھیراؤ،توڑ پھوڑ اور لوٹ مار کے واقعات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کو یقین دلایا کہ ایم کیو ایم متاثرین کے نقصانات کی تلافی کیلئے بھرپور کوشش کرے گی۔بابر غوری نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گزشتہ تین روز کے دوران مسلح افراد نے جن بے گناہ شہریوں کی املاک کو نقصان پہنچایا ہے ان تمام متاثرین کو فی الفور معاوضہ دیا جائے۔قبل ازیں بابر غوری نے اتوار بازار کا بھی دورۂ کیااور وہاں موجود دکانداروں اور عوام سے ملاقات کی اور انہیں حوصلہ دیا۔

☆☆☆☆☆